# 28-04-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں:

۱۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ کانگریس پارٹی کو نکسلائٹس کے ساتھ امن مذاکرات کے مسئلہ پر ایک موقف اختیار کرنے سے قبل اِس مسئلہ پر تفصیلی غور وخوص کرنا ہوگا۔

۲۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ بی آر ایس کی سلور جوبلی کے موقع پر منعقدہ جلسہ عام میں پارٹی کے صدر چندر شیکھر راؤ کی تقریر مایوسی اور دھوکہ دہی کا مجموعہ تھی۔

۳۔ ہائی کورٹ کے سابق جج جسٹس اے راج شیکھر ریڈی نے آج تلنگانہ کے لوک آیوکتا کی حیثیت سے حلف لے لیا۔

اور

۴۔ بھارت راشٹریہ سمیتی کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے کہا ہے کہ بی آر ایس تلنگانہ میں اقتدار پر واپس آئے گی۔

APPOINTMENT:

چیف سکریٹری شانتی کمار کو جو 30 اپریل کو اپنے عہدہ سے سبکدوش ہورہی ہیں، ڈاکٹر مری چنا ریڈی ہیومن ریسورس ڈیولپمنٹ انسٹیٹیوٹ کا نائب صدر نشین مقرر کیا گیا ہے۔ حکومت نے آج ایک حکم نامہ جاری کرتے ہوئے شانتی کماری کو تا حکم ثانی اِس انسٹیٹیوٹ کے نائب صدر نشین کی مکمل زائد ذمہ داری سونپ دی۔ جنرل اڈمنسٹریشن ڈپارٹمنٹ کے سکریٹری ایم رگھونندن راؤ نے آج جاری کئے گئے احکام میں کہا کہ ان کی خدمات کے شرائط اور قواعد سے متعلق علیحدہ حکم نامہ جاری کیا جائے گا۔

KTR:

بھارت راشٹریہ سمیتی کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے کہا ہے کہ بی آر ایس تلنگانہ میں اقتدار پر واپس آئے گی۔ انہوں نے آج حیدرآباد میں پارٹی کے کارکنوں اور قائدین سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کل ورنگل میں منعقدہ جلسہ عام میں لاکھوں کی تعداد میں شرکت کرنے والے عوام کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ عوام نے بی آر ایس کے صدر کے چندر شیکھر راؤ کی قیادت پر اپنے غیر متزلزل ایقان کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ بی آر ایس کی سلور جوبلی کے موقع پر منعقدہ جلسہ عام بھارت کی سیاسی تاریخ میں منعقدہ بڑے جلسوں میں سے ایک تھا۔ انہوں نے کہا کہ یہ جلسہ عوام میں بی آر ایس کی مقبولیت کا واضح ثبوت ہے۔ بعد میں کے ٹی آر نے ریاست بھر میں موجود پارٹی قائدین کے ساتھ ایک ٹیلی کانفرنس کے دوران جلسہ عام کو کامیاب بنانے والے ہر فرد کا شکریہ ادا کیا۔

LOKAYUKTA:

ہائی کورٹ کے سابق جج جسٹس اے راج شیکھر ریڈی کو آج راج بھون میں منعقدہ ایک تقریب میں تلنگانہ کے لوک آیوکتا کی حیثیت سے حلف دلایا گیا۔ گورنر جشنو دیو ورما نے چیف منسٹر ریونت ریڈی کی موجودگی میں جسٹس راج شیکھر ریڈی کو حلف دلایا۔ گورنر نے سابق ڈسٹرکٹ اینڈ سیشنس جج بی ایس جگ جیون کمار کو تلنگانہ کے اُپ لوک آیوکتا کی حیثیت سے حلف دلایا۔ اسمبلی کے اسپیکر گڈم پرساد کمار، قانون ساز کونسل کے صدرنشین جی سکھیندر ریڈی اور دوسروں نے اس تقریب میں شرکت کی۔

ED:

انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ کے عہدیداروں نے آج بودھان اراضی کے معاملہ میں پرانے شہر حیدرآباد میں پانچ مقامات پر چھاپے مارے۔ پرانے شہر کے علاوہ میر پیٹ اور ویراٹ نگر میں بھی چھاپے مارے گئے۔ منور خاں، قدیر النساء اور ایم اے شکور کے مکانات پر چھاپے مارے گئے۔ ای ڈی کے عہدیداروں نے ان کے مکانات سے دستاویزات برآمد کئے۔ تلنگانہ ہائی کورٹ نے اس سے قبل اِس امر پر تشویش کا اظہار کیا تھا کہ کئی سینئر سرکاری عہدیداروں نے مہیشورم منڈل کے ناگارم گاؤں میں قیمتی بودھان اراضی حاصل کی ہے۔ حالانکہ یہ زمینات ممنوعہ فہرست میں شامل ہیں۔

CM:

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ کانگریس پارٹی کو نکسلائٹس کے ساتھ امن مذاکرات کے مسئلہ پر ایک موقف اختیار کرنے سے قبل اِس مسئلہ پر تفصیلی غور وخوص کرنا ہوگا۔ سینئر کانگریس لیڈر جانا ریڈی سے آج حیدرآباد میں ان کی قیام گاہ پر ملاقات کے بعد میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وہ اپنے کابینی رفقاء کے ساتھ بات چیت کے بعد حکومت کا موقف واضح کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی ہائی کمان سے مشاورت کی جائے گی اور امن کمیٹی کی درخواست اعلیٰ قیادت کو بھیجی جائے گی۔ چیف منسٹر یہ بھی کہا کہ جانا ریڈی اور حکومت کے مشیر برائے امورِ عامہ کے کیشو راؤ اِس معاملہ کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیں گے۔ انہوں نے یاددہانی کرائی کہ اِن دونوں قائدین نے متحدہ آندھراپردیش میں 2004ء میں پیپلز وار گروپ کے ساتھ مذاکرات میں اہم رول ادا کیا تھا۔ بھارت راشٹر یہ سمیتی کے صدر اور سابق چیف منسٹر کے چندر شیکھر راؤ نے بھی کل ورنگل میں پارٹی کے جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے ماؤنوازوں کے ساتھ امن مذاکرات کا مطالبہ کیا۔ امن کمیٹی کے ارکان نے کل چیف منسٹر ریونت ریڈی سے ملاقات کی اور ان سے درخواست کی کہ وہ ماؤنوازوں کے خلاف کارروائی کو روکنے کیلئے پیش قدمی کرے۔

LANGUAGE:

سپریم کورٹ نے تلنگانہ ہائی کورٹ کے اُس فیصلہ میں مداخلت کرنے سے انکار کردیا جس کے تحت سیول جج کی حیثیت سے تقرر کیلئے تلگو میں مہارت کو لازمی قرار دیتے ہوئے حکومت کی جانب سے بنائے گئے قواعد وضوابط کو درست قرار دیا گیا تھا۔ سپریم کورٹ کے جسٹس بی آر گوائی اور جسٹس اے جی مسیح پر مشتمل بنچ نے محمد شجاعت حسین کی جانب سے دائر کی گئی عرضی کو مسترد کردیا۔عرضی گزار نے یہ دلیل پیش کی تھی کہ تلنگانہ جوڈیشل رولس 2023ء میں غیر منصفانہ طور پر اردو میں مہارت کی قابلیت کو خارج کردیا گیا۔

FIRE:

نلگنڈہ ضلع میں یدادری تھرمل پاور اسٹیشن کی پہلی یونٹ میں آج ایک معمولی آگ حادثہ پیش آیا۔ پولیس نے بتایا کہ یہ واقعہ راست دیڑھ بجے پیش آیا۔تاہم اس میں کوئی زخمی نہیں ہوا۔اس واقعہ میں چند کیبلس جل گئے۔ پولیس کے اعلیٰ عہدیدار نے بتایا کہ آگ پر فوری قابو پالیا گیا۔انہوں نے بتایا کہ اس واقعہ کی وجوہات کا پتہ لگانے کی کوشش کی جارہی ہے۔

KAVITHA:

بی آر ایس کی ایم ایل سی کے کویتا نے مرکز پر زور دیا ہے کہ وہ آپریشن کگار کو فوری روک دے اور ماؤنوازوں کے ساتھ امن مذاکرات کرے۔ انہوں نے کہا کہ طاقت سے اس مسئلہ کو حل نہیں کیا جاسکتا۔انہوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ ملک کی ہر سیاسی جماعت امن مذاکرات کی تائید کرے گی۔کویتا نے کہا کہ وہ اِس بات میں پختہ یقین رکھتی ہے کہ نکسل ازم کے نظریہ سے مذاکرات کے ذریعہ ہی نمٹا جاسکتا ہے۔

CM-BRS:

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ بی آر ایس کی سلور جوبلی کے موقع پر منعقدہ جلسہ عام میں پارٹی کے صدر چندر شیکھر راؤ کی تقریر مایوسی اور دھوکہ دہی کا مجموعہ تھی۔انہوں نے کہا کہ بی آر ایس نے 10 سال تک نوتشکیل شدہ ریاست کو لوٹا اور اب وہ عوام کو بے وقوف بنانے کی کوشش کررہی ہے۔ حیدرآباد میں آج میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے چیف منسٹر نے کہا کہ سابق چیف منسٹر کی تقریر واضح نہیں تھی۔ انہوں نے کہا کہ کے سی آر نے اقتدار سے محرومی پر اپنی مایوسی کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ 10 سال کے دوران کے سی آر نے جو بھی مسائل پیدا کئے ان کے لئے وہ کانگریس کو ذمہ دار قرار دینے کی کوشش کررہے ہیں۔ چیف منسٹر نے کہا کہ ان کی حکومت نے گزشتہ 17 مہینوں کے دوران کئی فلاحی اسکیمیں شروع کیں اور ان پر عمل آوری کو بہتر بنانے کی کوشش کی جارہی ہے۔

IPL:

آئی پی ایل20-20 کرکٹ میں آج شام جئے پور کے سوائے مان سنگھ اسٹیڈیم میں راجستھان رائلز کا مقابلہ گجرات ٹائٹنس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔راجستھان رائلز پانچ میچوں میں مسلسل ناکامی کے بعد اب صرف چار پوائنٹس کے ساتھ پوائنٹس ٹیبل پر 9 ویں مقام پر ہے۔سابق چمپئنس گجرات ٹائٹنس 12 پوائنٹ کے ساتھ دوسرے مقام پر ہے اور وہ مسلسل تیسری کامیابی حاصل کرنے کی کوشش کرے گی۔

WEATHER:

تلنگانہ میں اکا دوکا مقامات پر ہلکی تا اوسط بارش یا گرج چمک کے ساتھ بونده باندی کا امکان ہے۔ملگو، بھدرادری کوتہ گوڑم، کھمم، محبوب آباد، ورنگل، ہنمکنڈہ، جنگاؤں، سدی پیٹ اور یدادری بھونگیر اضلاع میں اکا دوکا مقامات پر تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے۔دفتر موسمیات نے ان اضلاع کے لئے ایلو الرٹ جاری کیا ہے۔

RANA

ممبئی کے دہشت گرد حملوں کے سازشی تہور حسین رانا کو آج این آئی اے کی خصوصی عدالت میں پیش کیا گیا۔رانا کو حال ہی میں امریکہ سے بھارت لایا گیا۔این آئی اے نے اِس واقعہ کی تحقیقات کیلئے مزید بارہ دن تک رانا کو پولیس تحویل میں دینے کی درخواست کی ہے۔دہلی کی پٹیالہ ہاؤس کورٹ نے این آئی اے کی درخواست پر اپنا فیصلہ محفوظ کر دیا۔اس سے قبل رانا کو 18 دن کیلئے این آئی اے کی تحویل میں دیا گیا تھا۔ملزم کو این آئی اے کے خصوصی جج چندر جیت سنگھ کے روبرو پیش کیا گیا۔سینئر وکیل ڈی کرشنن کی قیادت میں تحقیقاتی ٹیم بھی عدالت میں حاضر ہوئی۔دہلی لیگل سرویس اتھاریٹی کی جانب سے تہور رانا کیلئے پیوش سچ دیو نامی وکیل مقرر کیا گیا ہے۔

☆☆